## سوال

(409) بیوی کا دوسری عورتوں کے مہنگے لباس وزیور کو دیکھ کر اپنے شوہر سے مطالبہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری بیوی پروگراموں ، دعوتوں اور تقریبات میں شرکت کرتی ہے اور دوسری عورتوں کو مختلف قسم کے زیورات اور کپڑے پہنے ہوئے دیکھنے کے بعد مجھ سے بھی ان جیسے زیورات اور کپڑوں کا مطالبہ کرتی ہے لیکن میری ماہانہ آمدنی دوسری عورتوں کے خاوندوں جیسی نہیں ، لہذا مجھے اپنی بیوی سے کس طرح کا معاملہ کرنا چاہیے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک عظیم الشان حدیث مروی ہے جس میں اس معاملے کو بیان کیا گیا ہے اور اس عمل کو ہلاکت قرار دیا گیا ہے ، ذیل میں ہم اس حدیث کو بالنص پیش کرتے ہیں :

"إن أول ماہلک بنو اسرائیل أن امرأة الفقیر کانت تکلفہ من الثیاب والصیغ أو قال من الصیغة ماتکلف امرأة الغنی"

" بنو اسرائیل کی ابتدائی ہلاکت یہ تھی کہ ایک فقیر شخص کی بیوی اسے لباس یا زیورات لانے کی اتنی تکلیف دیتی تھی جتنی غنی کی عورت زیورات کی تکلیف دیتی ہے ۔ " ( صحیح : السلسلة الصحیحة(591)

لہذا ہمارے مسلمان بھائی آپ پر ضروری ہے کہ اپنی بیوی کو قناعت اور زہد کی تلقین کریں اور اس سے یہ وعدہ کریں کہ اللہ تعالی جب رزق میں کشادگی فرمائے گا تو پھر تجھے یہ سب کچھ لا کر دوں گا ۔ اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے ۔ ( شیخ محمد المنجد )

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

# ص497